قومی اسمبلی

قومی اسمبلی نے دو قانونی مسوّدوں کی منظوری دے دی

اسلام آباد ۱۸ جنوری ۲۰۱۶: ایوانِ زیریں کے اٹھائیسویں اجلاس کی بارہویں نشست میں دو قانونی مسوّدوں کی منظوری دی گئی۔

ایوان کی کارروائی کے خاص نکات

- نشست کا دورانیہ تین گھنٹے انیس منٹ رہا۔
- نشست کا آغاز طے شدہ وقت ساڑھے چار بجے کی بجائے چار بج کر اٹھ تیس منٹ پر ہوا۔
- نشست کے دوران دو گھنٹے اور تینتالیس منٹ صدارت کے فرائض سپیکر نے جبکہ بقیہ وقت چیئر پرسنوں کے پینل کے ایک رکن نے انجام دیے۔
- وزیرِاعظم اجلاس میں شریک نہ ہوئے۔
- قائدِ حزبِ اختلاف چالیس منٹ تک ایوان میں موجود رہے۔
- سات وفاقی وزرا نے اجلاس میں شرکت کی۔
- نشست کے آغاز پر تینتالیس (تیرہ فیصد) اور اختتام پر اٹھائیس (آٹھ فیصد) اراکین موجود تھے۔
- نشست میں پاکستان مسلم لیگ (ضیا)، جماعت اسلامی، پختونخوا ملی عوامی پارٹی، آل پاکستان مسلم لیگ اور عوامی مسلم لیگ پاکستان کے پارلیمانی قائدین نے شرکت کی۔
- سات اقلیتی اراکین بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔

کارکردگی

- ایوان نے انکم ٹیکس (ترمیمی) بل ۲۰۱۵ اور انکم ٹیکس (دوسری ترمیم) بل ۲۰۱۵ کی متفقہ طور پر منظوری دے دی۔ ان قانونی مسوّدات پر غور اور انہیں منظور کیے جانے کی تحاریک وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی نے پیش کیں۔
- ایوان نے انکم ٹیکس (ترمیمی) بل ۲۰۱۶ پر غور بدھ تک کے لیے مؤخر کر دیا۔
- مجلس قائمہ برائے حکومتی یقین دہانیاں، مجلس قائمہ برائے پٹرولیم و قدرتی وسائل اور مجلس قائمہ برائے سائنس و ٹیکنالوجی کی کارکردگی کی ششماہی رپورٹس ایوان میں پیش کی گئیں۔

نمائندگی اور جوابدہی

- ایوان میں نظام کار پر موجود چوالیس نشان زدہ سوالات میں سے صرف آٹھ کے زبانی جوابات دیے گئے۔ اراکین نے نو ضمنی سوالات بھی دریافت کئے۔
- حکومت نے نو غیر نشان زدہ سوالات میں سے چھ کے تحریری جوابات فراہم کیے۔ وقفہ سوالات کا دورانیہ تینتالیس منٹ رہا۔

- ایوان میں اینٹی بائیو ٹکس کے بڑھتے ہوئے استعمال کے مدافعتی نظام پر اثرات اور لواری ٹنل کھولنے سے متعلق دو توجہ دلاؤ نوٹسوں پر بات کی گئی۔
- چار اراکین نے صدر کے پارلیمان سے خطاب پر اظہارِ تشکّر کی تحریک پر اظہارِ خیال کیا۔ اس بحث میں باون منٹ صرف ہوئے۔

نظم وضبط

- بیس اراکین نے نکات ہائے اعتراض کے ذریعے اٹھائیس منٹ تک مختلف معاملات پر بات کی۔ ان معاملات میں خارجہ تعلقات، کارِ سرکار، اور ایوان کی کاروائی سے متعلق امور شامل تھے۔
- پاکستان تحریک انصاف کی ایک رکن نے چھ بج کر نو منٹ پر کورم کی نشاندہی کی، تاہم گنتی کیے جانے پر کورم مکمّل پایا گیا۔

شفافیت

- ایجنڈے کی نقول تمام اراکین، مشاہدہ کاروں اور عوام کیلئے دستیاب تھیں۔
- اراکین کی حاضری کی تفصیل ایوان کی ویب سائٹ پر دستیاب پائی گئی۔

(یہ فیکٹ شیٹ فری اینڈ فیئر الیکشن نیٹ ورک کی جانب سے قومی اسمبلی کی کاروائی کے براہ راست مشاہدے پر مبنی ہے۔ ادارہ ممکنہ غلطی یا کوتاہی پر پیشگی معذرت خواہ ہے۔)